بجلی کے کنکشن کے لیے ایس او پی

1۔ مندرجہ ذیل دستاویزات فائل میں لگا کر الیکٹریکل برانچ میں (P&E) چیف انجینئرز سے مارک کروا کر جمع کروائیں۔

(i) پوزیشن لیٹر کی کاپی۔

(ii) ٹرانسفر لیٹر یا الاٹمنٹ لیٹر کی کاپی۔

(iii) کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی۔

(iv) سول برانچ سے جاری کردہ NOC کی کاپی۔

(v) درخواست اور معاہدے کے مطابق لوڈ کی تفصیل۔

(vi) سوسائٹی قوانین کے مطابق -/100 روپے کی مالیت کے اشٹام پیپر پر بیان حلفی۔

(vii) نیٹ میٹرنگ کے لیے -/100 روپے کی مالیت کے اشٹام پیپر پر بیان حلفی کہ سوسائٹی مینجمنٹ کی موجودہ اور مستقبل کی پالیسی کے پابند ہونگے۔

2۔ فائل کے اندر تمام دستاویزات جمع کروانے کے بعد اہلکار 3 دن کے اندر سائٹ کا دورہ کرے گا۔

3۔ موجودہ لائن کی صورت میں تخمینہ عام طور پر 3 فیز سٹیٹک انرجی میٹر +10 میٹر 4 کور ایلومینیم کیبل 16mm2 برائے رہائشی پلاٹ کے لیے تیار کیا جائے گا۔ جبکہ موجودہ لائن میں توسیع کی صورت میں میٹریل کی ایلوکیشن کی منظوری ملنے اور دفتری کاروائی کو پورا کرنے کے بعد نئی لائن بچھائی جائے گی۔

4۔ سائٹ کے دورے کے بعد ڈیمانڈ نوٹس کا اجراء۔

5۔ ڈیمانڈ نوٹس کی فیس/سلپ جمع کروانے کے بعد ایک ہفتے کے اندر کنکشن لگا دیا جائے گا۔ تاہم غیر معمولی حالات کی وجہ سے اس سے زیادہ وقت بھی لگ سکتا ہے۔

6۔ صارف کنکشن کے وقت Outgoing کیبل فراہم کرے گا۔

CamScanner